## EXERCISES

**A. Change the following into Negative.** ذیل کو منفی میں تبدیل کریں۔

1. Ali has a pen. 2. We have horses. 3.He has a camel. 4.They have cars. 5.She has a knife. 6.You have a table. 7.They had a cow. 8. I have a headache. 9.You had a parrot. 10 Hamzah had a house.

**B. Change the following into Interrogative.** ذیل کو سوالیہ میں تبدیل کریں۔

1. The cow has four legs. 2. The chair has two arms. 3.I have a gun. 4.The room has a fan. 5.The clerk has papers. 6.The student had a table. 7.The tree had fruit. 8.We had two houses. 9.Usman had a bat. 10. You had a wrist watch.

## Test Exercise No. 28

**Q.No.1: Choose the Correct Option.**

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| 1. We __ fun at the party last Saturday. | a. had | b. have | c. has | d. all of them |
| 2. I'm sorry, but_____to go now. | a. had | b. have | c. has | d. all of them |
| 3. __ you ever been to Sharjah? | a. had | b. has | c. Have | d. all of them |
| 4. Umair ___ passed his driving test. | a. had | b. has | c. have | d. all of them |
| 5. Can we ___ the bill, please? | a. have | b. had | c. has | d. all of them |
| 6. The match____already started when we arrived. | a. have | b. had | c. has | d. all of them |
| 7. They___breakfast at 6:30 this morning. | a. have | b. had | c. has | d. all of them |
| 8. Do you _____a brother? | a. have | b. had | c. has | d. all of them |
| 9. My boss never _____time. | a. had | b. have | c. has | d. all of them |
| 10. She_____ been waiting for him for 20 minutes now. | a. had | b. have | c. has | d. all of them |

**Ans:** 1.a 2.b 3.c 4.b 5.a 6.b 7.b 8.a 9.c 10.c

## Lesson No. 6. TENSES (زمانے)

**Tense is the second name of time. It has three kinds. For example.**

Tense یا زمانے وقت کا دوسرا نام ہے۔ وقت کے لحاظ سے Tenses بنیادی طور پر تین ہیں۔ مثلاً

1. Present Tense . زمانہ حال (موجودہ زمانہ)
2. Past Tense. (گزرا ہوا زمانہ) زمانہ ماضی
3. Future Tense. زمانہ مستقبل (آنے والا زمانہ)

**These tenses are sub-divided into four kinds. For example.**

آگے ان زمانوں کو مزید چار چار قسموں میں تقسیم کیا جاتا ہے۔ مثلاً۔

1. Indefinite. (نامکمل، مطلق)
2. Continuous.(جاری)
3. Perfect.(مکمل)
4. Perfect Continuous.(مکمل جاری)

## i. SIMPLE PRESENT OR PRESENT INDEFINITE TENSE (فعل حال مطلق)

(Affirmative)(مثبت)

**1. Recognition: Urdu sentences end in** تا ہے، تی ہے، تا ہوں، تی ہوں، تے ہیں etc.

1. پہچان: اردو فقرات کے آخر میں "تا ہے، تی ہے، تا ہوں، تی ہوں، تے ہیں، تی ہیں وغیرہ آتا ہے۔
مثلاً i. میں خط لکھتا ہوں۔ ii. ہم نہاتے ہیں۔ iii. لڑکی آٹا گوندھتی ہے۔

2. First form of verb is used in this tense.
2.اس میں فعل کی پہلی حالت استعمال ہوتی ہے۔

3. No helping verb is used in affirmative sentences.
3.سادہ جملوں میں کوئی امدادی فعل استعمال نہیں ہوتا۔

4. "S or ES" is added to the verb of the third person singular or singular name.
4.فاعل واحد غائب یعنی He, She, It یا واحد نام کے فعل کے ساتھ S یا Es کا اضافہ کیا جاتا ہے۔

5. Rule of using "S or Es": S or Es is added to the verb in English when Urdu sentences end in تی ہے or تا ہے but in English only third person singular.
5۔ S یا Es استعمال کرنے کا اصول۔ عام طور پر اردو کے جن فقروں کے آخر پر "تا ہے، تی ہے" آئے ان کے فعل کے ساتھ S یا Es کا اضافہ کیا جاتا ہے۔

6. Difference Between the Use of "S or Es": Es is added to the verbs ending in SH, CH, SS, S, X, Z or O but only "S" is added to all the rest of verbs.
6. S یا Es کے استعمال میں امتیاز۔ جس Verb کا آخری حرف SH, CH, S,SS, X, Z یا O پر ختم ہو اس کے ساتھ Es اور بقیہ s verb کے ساتھ اکیلا S استعمال کرتے ہیں۔

7. Formula.
7.بنانے کا طریقہ۔ سب سے پہلے فاعل پھر فعل کی پہلی حالت اور آخر پر مفعول استعمال کرتے ہیں۔

| Subject | Verb | Object | |
|---|---|---|---|
| I | write | a letter. | میں خط لکھتا ہوں |
| We | take | a bath. | ہم نہاتے ہیں |
| The girl | kneads | flour. | لڑکی آٹا گوندھتی ہے |
| You | plough | the fields | تم کھیتوں میں ہل چلاتے ہو۔ |
| He | writes | an essay. | وہ مضمون لکھتا ہے۔ |
| You | knead | flour. | تم آٹا گوندھتی ہو |
| We | dig | a well | ہم کنواں کھودتے ہیں۔ |

## EXERCISE -12

1.میں ہاکی کھیلتا ہوں۔ 2.تم سکول جاتے ہو۔ 3.وہ سڑک پر دوڑتے ہیں۔ 4.لڑکا پھول بیچتا ہے۔ 5.وہ بروقت سکول پہنچتا ہے۔ 6.علی روزانہ بازار جاتا ہے۔ 7.مزدور چھکڑا دھکیلتا ہے۔ 8.نجمہ چائے بناتی ہے۔ 9.ہم تالاب میں تیرتے ہیں۔ 10.طالب علم سچ بولتا ہے۔

1.play(کھیلنا) 4.sells(بیچتا ہے) 7.labourer(مزدور) pushes(دھکیلتا ہے) cart(چھکڑا) 8.makes tea(چائے بناتی ہے)
9.swim(تیرنا) pond(تالاب) 10.speaks the truth (سچ بولتا ہے).

### A. Negative Sentences (منفی فقرات)

(A) "Does not" is applied after the subject (Third person singular) and "S or Es" with the verb is removed but "do not" is applied after the subject in all the other sentences.

منفی بنانے کے لئے he, she, it یا واحد نام والے فاعل والے جملوں میں فاعل کے بعد Does not استعمال کرتے ہیں۔ اور فعل کے ساتھ والا s یا es ختم کر دیتے ہیں۔ بقیہ سب اقسام کے جملوں میں صرف do not استعمال کرتے ہیں۔ مثلاً۔

| Subject | Do not/ does not | verb | object | |
|---|---|---|---|---|
| I | do not | write | a letter. | میں خط نہیں لکھتا ہوں۔ |
| The girl | does not | knead | flour. | لڑکی آٹا نہیں گوندھتی ہے۔ |
| He | does not | pass | the examination. | وہ امتحان پاس نہیں کرتا ہے۔ |
| He | does not | write | an essay. | وہ مضمون نہیں لکھتا ہے۔ |
| You | do not | plough | the fields. | تم کھیتوں میں ہل نہیں چلاتے ہو۔ |
| We | do not | pass | the examination. | ہم امتحان پاس نہیں کرتے۔ |

## EXERCISE NO. 13

1. میں دودھ پسند نہیں کرتا ہوں۔ 2. ہم یہاں نہیں رہتے ہیں۔ 3. تم یونیورسٹی نہیں پڑھتے ہو۔ 4. لڑکے شور نہیں کرتے ہیں۔ 5. اسلم قلم نہیں خریدتا ہے۔ 6. بچہ نہیں روتا ہے۔ 7. وہ سبق یاد نہیں کرتا ہے۔ 8. آپ گھڑی کو چابی نہیں دیتے ہیں۔ 9. سورج زمین کے گرد نہیں گھومتا ہے۔ 10. علی ہاکی نہیں کھیلتا ہے۔

1. like(پسند کرنا) 2.live here(یہاں رہتے ہیں) 3.read in the University (یونیورسٹی میں پڑھتے ہو۔)4.make a noise(شور کرنا) 5.buy(خریدنا) 6.weep (رونا) 7.learn the lesson(سبق یاد کرنا) 8.wind the watch(گھڑی کو چابی دینا) 9.revolve(گھومنا) around the earth(زمین کے گرد) 10.play(کھیلنا).

### B. Interrogative Sentences (سوالیہ جملے)

**(B) To make Interrogative, "Do or Does" is placed before the subject with sign of interrogation at the end.**

سادہ سوالیہ جملوں کا ترجمہ کرنے کے لئے Do یا Does فقرے کے شروع میں استعمال کریں اور آخر میں سوالیہ نشان لگائیں۔

**(C) To make double Interrogative, place question words i.e. "How, when, what, where, who or why" before Do or Does in the beginning of the Interrogative sentence.**

ذیل سوالیہ جملوں میں How, Why, What, When, Where, Who (کیسے، کیوں، کیا، کب، کہاں، کون) کے الفاظ سادہ سوالیہ جملوں کے شروع میں یعنی Do یا Does سے پہلے استعمال کریں آخر میں سوالیہ نشان؟ مثلاً سادہ سوالیہ

| Do,does | subject | verb | object | |
|---|---|---|---|---|
| Do | I | write | a letter? | کیا میں خط لکھتا ہوں؟ |
| Does | the girl | knead | flour? | کیا لڑکی آٹا گوندھتی ہے؟ |
| Does | he | pass | the examination? | کیا وہ امتحان پاس کرتا ہے؟ |
| Does | he | write | an essay? | کیا وہ مضمون لکھتا ہے؟ |
| Do | you | pass | the examination? | کیا تم امتحان پاس کرتے ہو؟ |

Double Interrogative دوسری قسم یعنی ذیل سوالیہ فقرات

| Q.W | do,does | Subject | Verb | Object | |
|---|---|---|---|---|---|
| Why | do | I | write | a letter? | میں خط کیوں لکھتا ہوں؟ |
| How | does | the girl | knead | flour? | لڑکی آٹا کیسے گوندھتی ہے؟ |
| When | does | he | pass | the examination? | وہ امتحان کب پاس کرتا ہے؟ |
| Who | | | writes | a letter? | خط کون لکھتا ہے؟ |
| Whom | do | you | write | a letter? | تم کس کو خط لکھتے ہو؟ |

## EXERCISE -14

1. کیا مالی پودوں کو پانی دیتا ہے؟ 2. کیا لڑکا سوال حل کرتا ہے؟ 3. کیا وہ روزانہ سکول جاتی ہے؟ 4. کیا تم کشتی چلاتے ہو؟ 5. کیا تم والدین کی عزت کرتے ہو؟ 6. دھواں آسمان کی طرف کیوں اٹھتا ہے؟ 7. کسان کھیتوں میں ہل کیسے چلاتا ہے؟ 8. لڑکے ہاکی کب کھیلتے ہیں؟ 9. ستارے آسمان پر کیوں چمکتے ہیں؟ 10. میں ہر روز سیر کے لئے کیوں جاتا ہوں؟

1.water(پانی دینا) plants(پودے) 2.solve(حل کرنا) sum(سوال) 4.row the boat (کشتی چلانا) 5.respect (عزت کرنا) 6.smoke(دھواں)rise to the sky (آسمان کی طرف اٹھنا) 7.farmer(کسان) plough the fields(کھیتوں میں ہل چلانا) 9.twinkle (چمکنا)in the sky(آسمان پر)10. go out for a walk(سیر پر جانا) daily(روزانہ).

**A. Change the following into Negative.** ذیل کو منفی میں تبدیل کریں۔

1. He shuts the door. 2.We plough the fields. 3.She knits a sweater. 4.They make a noise. 5.The mouse fears the cat. 6.The horses neigh. 7.He lives in this house 8.I like red roses. 9.Ali runs a shop. 10.They buy new books.

Change the following into Interrogative. ذیل کو سوالیہ میں تبدیل کریں۔

1.They speak the truth. 2.He runs on the road. 3.People protest. 4.The sun shines. 5. I live all alone. 6.Cat sees in the dark. 7.Ahmad respects his parents. 8.She sings a song. 9.I see a bird in the nest. 10.It rains in summer.

## Self Test No. 29

Q.No.1: Choose the correct form of verb in Simple Present Tense.

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| 1. They __English on every Tuesday. | a. study | b. studies | c. is studying | d. am studying |
| 2. He __ on every Tuesday. | a. cook | b. cooks | c. is cooking | d. am cooking |
| 3. I __ the car on every Wednesday. | a. wash | b. washes | c. is washing | d. am washing |
| 4. We __ on every Sunday. | a. cook | b. cooks | c. is cooking | d. am cooking |
| 5. You __ the car on every Friday. | a. wash | b. washes | c.is washing | d. am washing |
| 6. She __ the car on every Saturday. | a. wash | b. washes | c. is washing | d. am washing |
| 7. We____ English. | a. study | b. studies | c.is studying | d. am studying |
| 8. I__ on every Thursday. | a. cook | b. cooks | c. is cooking | d. am cooking |
| 9. He __ English on Friday. | a. study | b. studies | c. is studying | d. am studying |
| 10. You __ the car. | a. wash | b. washes | c. is washing | d.am washing |
| 11. They __ on every Wednesday. | a. cook | b. cooks | c. is cooking | d.am cooking |
| 12. She ______ English. | a. study | b. studies | c. is studying | d. am studying |

Q. No. 2: Choose the correct form of the verb in Simple Present Tense.

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| 13. Ali _____eggs. | a. eat | b. eats | c.was eating | d. were eating |
| 14. Tahira and Mubeen_____eggs. | a. eat | b. eats | c.was eating | d. were eating |
| 15. She_____English every day. | a. study | b.studies | c.was studying | d.were studying |
| 16. Naveed and Nabeel_____English on Monday and Tuesday. | a. study | b. studies | c. was studying | d.ware studying |
| 17. Ali and I_____coffee. | a. drink | b.drinks | c. was drinking | d.were drinking |
| 18. Zubair_____chocolate. | a. like | b. likes | c. was liking | d.were liking |
| 19. Muneeb __movies. | a. watch | b. watches | c. was watching | d.were watching |
| 20. Ahmad ____upon the piano. | a. play | b. plays | c. was playing | d. were playing |

Ans:1.a 2.b 3.a 4.a 5.a 6.b 7.a 8.a 9.b 10.a 11.a 12.b 13.b 14.a 15.b 16.a 17.a 18.b 19.b 20.b

## ii. SIMPLE PAST OR PAST INDEFINITE TENSE (فعل ماضی مطلق)

### Affirmative Sentences. (مثبت جملے)

1. Recognition: Urdu sentences end in ا، ی، ے or تا، تی، تے etc.

1. پہچان: اردو فقروں کے آخر میں ''ا، ی، ے'' وغیرہ یا ''تا تھا، تی تھی، تے تھے'' وغیرہ آتا ہے۔ مثلاً

i. اس نے خط لکھا ii. ہم نے سوال حل کیا iii. وہ روزانہ سکول جایا کرتا تھا۔

2. Second form of verb is used in affirmative sentences.

2. سادہ فقروں میں فعل کی دوسری فارم استعمال ہوتی ہے۔

3. No helping verb is used in affirmative sentences.

3. سادہ فقروں میں کوئی امدادی فعل استعمال نہیں ہوتا۔

4. بتانے کے لئے سب سے پہلے فاعل پھر فعل کی دوسری فارم اس کے بعد مفعول استعمال ہوتا ہے۔ مثلاً

| Subject | Verb | Object | |
|---|---|---|---|
| He | wrote | a letter. | اس نے خط لکھا۔ |

| | | | |
|---|---|---|---|
| We | wrote | essays. | ہم نے مضامین لکھے |
| We | solved | the sum. | ہم نے سوال حل کیا۔ |
| I | learnt | the lesson. | میں نے سبق یاد کیا۔ |

**5. The sentences that denote habit or routine are translated into English by using "Would or used to" followed by first form of verb.**

5 جن فقروں میں عادت یا معمول پایا جائے یعنی اردو کے جن فقروں کے آخر میں "تا تھا، تی تھی، تے تھے" وغیرہ آرہا ہو ان کا ترجمہ کرنے کے لئے فاعل کے بعد would یا used to استعمال کرکے فعل کی پہلی فارم استعمال کرتے ہیں۔ مثلاً

| Subject | would/used to | Verb | Object | | |
|---|---|---|---|---|---|
| He | would/used to | dig | a well | daily. | وہ روزانہ کنواں کھودا کرتا تھا۔ |
| We | would/ used to | dig | a well | daily. | ہم روزانہ کنواں کھودا کرتے تھے |
| You | would/used to | dig | a well | daily. | تم روزانہ کنواں کھودا کرتے تھے |

## EXERCISE -15

1. ہم نے کرکٹ کھیلی 2. میں نے نماز ادا کی۔ 3. اس نے سکوٹر خریدا۔ 4. دھوبی نے کپڑے دھوئے۔ 5. درزی نے میرے کپڑے سیئے۔ 6. مزدوروں نے دیوار تعمیر کی۔ 7. ہم صبح سویرے جاگ گئے۔ 8. نجمہ نے گانا گایا۔ 9. امریکہ نے عراق پر حملہ کیا۔ 10. ہم نے چائے پی۔ 11. ہم روزانہ سکول جایا کرتے تھے۔ 12. وہ روزانہ نماز ادا کیا کرتا تھا۔ 13. میں روزانہ قرآن مجید کی تلاوت کیا کرتا تھا۔ 14. نعیمہ روزانہ چائے بنایا کرتی تھی۔ 15. وہ دفتر کی صفائی کیا کرتا تھا۔

2.offered prayer(نماز ادا کی)3.bought a scooter(سکوٹر خریدا)4.washerman (دھوبی) washed (دھوئے) 5.tailors (درزی) stitched(سیئے) 6.labourers (مزدور) constructed(تعمیر کیے) 7.got up(جاگ گئے) early in the morning(صبح سویرے) 8.sang a song(گانا گایا) 9.attacked(حملہ کیا) 10. took tea (چائے پی) 12. would offer prayer (نماز ادا کیا کرتا تھا) 13.recite (تلاوت کرنا)14.make tea(چائے بنانا) 15. sweep(صفائی کرنا).

### A. Negative Sentences (منفی جملے)

**(A) In negative sentences, "did not" is used followed by first form of verb.**

منفی جملوں میں فاعل کے بعد did not اور فعل کی پہلی فارم استعمال ہوتی ہے۔

| Subject | did not | Verb | Object | |
|---|---|---|---|---|
| He | did not | write | a letter. | اس نے خط نہیں لکھا۔ |
| We | did not | solve | the sum. | ہم نے سوال حل نہیں کیا۔ |
| I | did not | learn | the lesson. | میں نے سبق یاد نہیں کیا۔ |

**Note: Only "would not" is used in sentences that denote habit or routines.**

نوٹ: جن فقروں میں عادت یا معمول پایا جائے ان میں صرف would not استعمال کرتے ہیں۔ ایسے فقروں میں used to استعمال نہیں ہوتا۔ مثلاً

| Subject | Would | 1st form | Object | | |
|---|---|---|---|---|---|
| He | would not | dig | a well | daily. | وہ روزانہ کنواں نہیں کھودا کرتا تھا۔ |
| We | would not | dig | a well | daily. | ہم روزانہ کنواں نہیں کھودا کرتے تھے۔ |
| You | would not | dig | a well | daily. | آپ روزانہ کنواں نہیں کھودا کرتے تھے؟ |

## EXERCISE -16

1. اس نے اپنا سبق یاد نہ کیا۔ 2. باورچی نے کھانا نہ پکایا۔ 3. میں نے خط نہ لکھا۔ 4. آپ نے نئی کتابیں نہ خریدیں۔ 5. کل بارش نہ ہوئی۔ 6. ہم سیر کے لئے نہ گئے۔ 7. وہ روزانہ نہیں نہایا کرتا تھا۔ 8. ہم تمباکو نوشی نہیں کیا کرتے تھے۔ 9. میں روزانہ ہاکی نہیں کھیلا کرتا تھا۔ 10. چپڑاسی گھنٹی نہیں بجایا کرتا تھا۔

1.learn his lesson(سبق یاد کرنا). 2.cook(باورچی) cook(پکایا) 6.go out for a walk(سیر کو جانا) 8.smoke (تمباکو نوشی کرنا) 10. ring(بجانا) bell(گھنٹی).

B. Interrogative Sentences (سوالیہ جملے)

(B) In Interrogative sentences, "Did or would" is placed before subject with sign of interrogation at the end.

سادہ سوالیہ: سوالیہ جملوں کا ترجمہ کرنے کیلئے امدادی فعل Did کو فقرے کے شروع میں لگاتے ہیں۔ لیکن جن فقروں میں عادت یا معمول پایا جائے ان میں Would فقرے کے شروع میں اور آخر پر سوالیہ نشان "؟"

| Did | Subject | Ist Form | Object | | |
|---|---|---|---|---|---|
| Did | he | write | a letter? | | کیا اس نے خط لکھا؟ |
| Did | we | solve | the sum? | | کیا ہم نے سوال حل کیا؟ |
| Would | he | dig | a well | daily? | کیا وہ روزانہ کنواں کھودا کرتا تھا؟ |

(C) "Question words" are used before helping verb in the beginning to make Double Interrogative.

ذیل سوالیہ جملوں کا ترجمہ کرنے کے لیے سوالیہ الفاظ Who, When, Why, Where, What, How وغیرہ کو سادہ سوالیہ جملوں کے شروع میں لگا دیتے ہیں اور آخر پر سوالیہ نشان "؟"۔

| Q.W. | H.V. | Subject | Ist Form | Object | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| Why | did | he | write | a letter? | | اس نے خط کیوں لکھا؟ |
| When | did | we | solve | the sum? | | ہم نے کب سوال حل کیا؟ |
| How | would | he | dig | a well | daily? | وہ روزانہ کنواں کیسے کھودا کرتا تھا؟ |

## EXERCISE -17

1. کیا اس نے مجھے تحفہ دیا؟ 2. کیا وہ تیز دوڑا؟ 3. کیا بچہ شدت سے رویا؟ 4. کیا اس نے گھڑی کو چابی دی؟ 5. کیا بچے نے میز کی ٹانگ توڑ دی؟ 6. کیا اس نے ہماری مدد کی؟ 7. کیا لڑکے مری سیر کے لئے گئے؟ 8. کیا تم نے یہ کتاب پڑھی؟ 9. اس نے ہمیں تنگ کیوں کیا؟ 10. لڑکیاں کب سکول گئیں؟ 11. تم نے یہ نقشہ کیسے بنایا؟ 12. کس نے کہاں پودوں کو پانی لگایا؟ 13 اس نے ہماری مدد کیوں نہ کی؟ 14. ہم نے پاکستان کا دفاع کیوں نہ کیا؟ 15. وہ تعلیم حاصل کرنے کہاں گیا؟

1.give a gift(تحفہ دینا) 3.weep(رونا)bitterly(شدت سے) 4.wind(چابی دینا) 7.visit(سیر کرنا)9.tease(تنگ کرنا) 11.draw this map(یہ نقشہ بنایا)12.water the plants(پودوں کو پانی لگایا)14.defend(دفاع کرنا)15. to get education(تعلیم حاصل کرنا)

A. Change the following into Negative. ذیل کو منفی میں تبدیل کریں۔

1.He polished his shoes. 2. I drove a car. 3.We ploughed the fields. 4.They harvested crops. 5.Ajmal ate bread. 6.We played in the evening. 7.We ate rice with curry. 8.Hamzah drew the map of Pakistan. 9.They helped our friends. 10.His brother returned from London. 11.Aamir would sing a song. 12.He would work hard daily. 13.My mother would make tea. 14.We would take exercise.

B. Change the following into Interrogative. ذیل کے سوالیہ بنائیں۔

1. I posted the letter. 2.It rained heavily yesterday. 3.He climbed up a tall tree. 4.The children plucked flowers. 5.The hare won the race. 6. The patient sobbed. 7.Jamil won the prize. 8.You finished your course. 9. My father left for Hajj. 10. The dog killed a cat. 11. She lost her watch. 12.I told her a story. 13.The bird flew in the air. 14.He came early. 15.The thief ran away. 16.The girl lost her purse. 17.He would sleep all the time. 18.Ali would break a cup daily. 19. He would work hard. 20. She would write a letter.

## Self Test No. 30

**Q. No. 1: Fill the blanks with Simple Past Tense:**

1. She ______ a letter to her mother yesterday. a. write b. writes c. wrote d. written
2. She______ to school by bus yesterday. a. go b. goes c. went d. gone
3. They __ a newspaper everyday. a. get b. got c. getting d.is getting
4. I______this pen in Lahore. a. buy b. bought c. buying d.is bought
5. The Principal of the school __ to the students this morning. a. speak b. spoke c. speaking d. speaks
6. Everybody______for the sun to shine in winter. a. wait b. waited c. waiting d. waits
7. They all went to attend wedding and there they_ heartily. a. eat b. ate c. eaten d. eating
8. A strong wind blew and______ our windows panes. a. break b. broken c. broke d.breaking
9. The umpire __ his whistle to stop the hockey match. a. blow b. blew c. blown d. blowing
10. He is a very good rider. He__ his horse successfully yesterday. a. ride b. rode c. ridden d. riding
11. Their grandfather died. They______him in the graveyard. a. bury b. buried c. buries d. burying

**Q. No. 2: Choose the word that best fits with each sentence.(past simple)**

12. Ahmad______to school today because he missed the bus. a. walked b. walk c. walking d. walks
13. He ______ teeth before going to bed last night. a. brushed b. brush c. brushing d. brushes
14. We were all______to Uncle Jameel's house for party dinner. a. invite b. inviting c. invited d. invites
15. Shahid ______ mom to mix the butter for the cookies. a. helped b. help c. helps d. helping
16. The boys ______ letter quickly: a. type b. typed c. types d. typing
17. My brother ______ dog with his shot gun. a. shot b. shooted c. shooting d. shoots
18. The children______in the ground last night a. play b. played c. playing d. plays

Ans: 1.c 2.c 3.b 4.b 5.b 6.b 7.b 8.c 9.b 10.b 11.b 12.a 13.a 14.c 15.a 16.b 17.a 18.b

## iii. SIMPLE FUTURE OR FUTURE INDEFINITE TENSE (فعل مستقبل مطلق)

1. Recognition: Simply "will or shall" is used in this Tense.

1. پہچان: اردو فقروں کے آخر پر "وں گا، ئیں گے، ے گی، ے گا، یں گے، یں گی، وں گی" وغیرہ آتا ہے۔ مثلاً
i. انور نظم لکھے گا۔ ii. ہم چور کو گرفتار کریں گے۔ iii. میں اپنا کام ختم کرلوں گا۔

2. First form of verb is used in this tense.
3. Helping verb "will or shall" is used.
4. "Shall" is used with "I and We" but "will" with all the other subjects.

2. اس میں فعل کی پہلی فارم استعمال ہوتی ہے۔
3. امدادی فعل will یا shall استعمال ہوتا ہے۔

4. We اور I کے ساتھ Shall باقی سب فاعلوں کے ساتھ Will استعمال ہوتا ہے۔
5. بنانے کے لئے سب سے پہلے فاعل اس کے بعد will یا shall پھر فعل کی پہلی فارم اس کے بعد مفعول استعمال کیا جاتا ہے۔ مثلاً

5. Formula

| Subject | Will/Shall | 1st form | object. | |
|---|---|---|---|---|
| Anwar | will | compose | a poem. | انور نظم لکھے گا۔ |
| We | shall | arrest | the thief. | ہم چور کو گرفتار کریں گے۔ |
| I | shall | finish | my work. | میں اپنا کام ختم کرلوں گا / گی |

When there is "stress, promise, intention or threat" in the sentence, will is used with " I and we" but shall with all the others.

اگر کسی جملہ میں زور، تاکید، وعدہ، پختہ ارادہ، دھمکی، ضرور یا ہرگز پایا جائے تو We اور I کے ساتھ will باقی سب کے ساتھ shall استعمال کرتے ہیں۔ مثلاً

| Subject | will/shall | 1st form | object | |
|---|---|---|---|---|
| This roof | shall | leak. | | یہ چھت ضرور ٹپکے گی۔ |
| I | will | fulfil | my promise | میں ہر صورت اپنا وعدہ پورا کروں گا / گی۔ |

## EXERCISE -18

1. وہ صبح گھر پہنچ جائے گا۔ 2. پہاڑوں پر برفباری ہوگی۔ 3. بادل آسمان کو ڈھانپ لیں گے۔ 4. میں کل ملتان جاؤں گا۔ 5. ہم غریبوں کی مدد کریں گے۔ 6. میں سویٹر بنوں گی۔ 7. ہیڈ ماسٹر صاحب شرارتی لڑکے کو سزا دیں گے۔ 8. اکمل یہ نظم زبانی یاد کرے گا۔ 9. لڑکے آنکھ مچولی کھیلیں گے۔ 10. انور لاہور جائے گا۔ 11. میں ضرور آپ کی مدد کروں گا۔ 12. وہ ضرور اپنی ماں کو ملنے جائے گی۔ 13. نجمہ ضرور اپنی گائے کا دودھ دوہے گی۔ 14. ہم لازماً امتحان کی تیاری کریں گے۔ 15. تم صبح ضرور یہ خط ڈاک میں ڈال دو گے۔

1.reach(پہنچنا) 2.snow(برفباری) mountains(پہاڑ) 3.clouds(بادل) cover (ڈھانپ لینا) 5.help(مدد) 6.knit (بننا) sweater (سویٹر) 7.punish (سزا)naughty (شرارتی) 8.learn by heart (زبانی یاد کرنا) 9.play(کھیلنا) hide and seek (آنکھ مچولی) 13.milk(دودھ دوہنا) 14.prepare(تیاری کرنا). 15.post(ڈاک میں ڈالنا)

### A. Negative Sentence (منفی جملے)

(A) "Not" is used after "will or shall" to make negatives.

منفی بنانے کے لئے امدادی فعل will یا shall کے بعد not استعمال کیا جاتا ہے۔ مثلاً

| Subject | Will/shall not | verb 1st form | Object | |
|---|---|---|---|---|
| Anwar | will not | compose | a poem. | انور نظم نہیں لکھے گا۔ |
| We | shall not | arrest | the thief. | ہم چور گرفتار نہیں کریں گے۔ |
| I | shall not | finish | my work. | میں اپنا کام ختم نہیں کرلوں گی۔ |
| This roof | shall not | leak. | | یہ چھت ہرگز نہیں ٹپکے گی۔ |

## EXERCISE -19

1. آپ یہاں نہیں بیٹھیں گی۔ 2. وہ محنت نہیں کرے گا۔ 3. وہ کھانا نہیں پکائے گی۔ 4. ہم نئے کپڑے نہیں خریدیں گے۔ 5. میں چائے نہیں بناؤں گی۔ 6. کوا کائیں کائیں نہیں کرے گا۔ 7. وہ ہرگز گھر نہیں جائے گی۔ 8. میں جھوٹ نہیں بولوں گی۔ 9. ہم دریا میں نہیں تیریں گے۔ 10. لڑکے شور نہیں کریں گے۔ 11. چور چوری نہیں کرے گا۔ 12. اکمل خط نہیں لکھے گا۔ 13. پرندے درختوں پر نہیں چہچہائیں گے۔ 14. وہ گھر صاف ستھرا نہیں رکھے گی۔ 15. بارش نہیں ہوگی۔

1.here(یہاں) 2.work hard(محنت کرنا) 3.cook food(کھانا پکانا) 4.buy (خریدنا)5.make tea(چائے بنانا) 6.caw (کائیں کائیں کرنا) 8.tell a lie(جھوٹ بولنا) 9.swim(تیرنا)10.make a noise(شور مچانا) 11.the thief(چور)steal (چوری کرنا) 13.chirp(چہچہانا) 14.keep neat and clean(صاف ستھرا) 15.rain(بارش ہونا)

### B. Interrogative Sentences (سوالیہ جملے)

(B) "Shall or will" is placed before the subject to make interrogative.

A۔ سادہ سوالیہ جملوں میں will یا shall فقرے کے شروع میں فاعل سے پہلے استعمال کیا جاتا ہے۔ اور آخر پر سوالیہ نشان لگایا جاتا ہے۔ مثلاً

| Will/shall | Subject | 1st form | Object | |
|---|---|---|---|---|

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| Will | Anwar | compose | a poem? | کیا انور نظم لکھے؟ |
| Shall | we | arrest | the thief? | کیا ہم چور کو گرفتار کریں گے؟ |
| Shall | I | finish | my work? | کیا میں اپنا کام ختم کرلوں گا / گی؟ |

**(C) "Question word" is used before "will or shall" in the beginning to make Double Interrogative.**

B۔ ڈبل سوالیہ جملوں میں سوالیہ الفاظ Questions words کو سادہ سوالیہ جملوں کے شروع میں اور آخر پر سوالیہ نشان "؟" استعمال کیا جاتا ہے۔ مثلاً

| Q.W | Will/shall | Subject | verb | Object | |
|---|---|---|---|---|---|
| How | will | Anwar | compose | a poem? | انور نظم کیسے لکھے گا؟ |
| When | shall | we | arrest | the thief? | ہم چور کو کب گرفتار کریں گے؟ |
| Why | shall | I | finish | my work? | میں اپنا کام کیوں ختم کروں گی؟ |

## EXERCISE -20

1. کیا ہم آنکھ مچولی کھیلیں گے؟ 2. کیا میں سکول جاؤں گا؟ 3. کیا ہم قومی ترانہ گائیں گے؟ 4. کیا سورج مغرب میں غروب ہوگا؟ 5. کیا دھوبی کپڑے دھوئے گا؟ 6. کیا وہ اپنا وقت ضائع کریں گے؟ 7. کیا گھوڑا گھاس کھائے گا؟ 8. کیا بھکاری بھیک مانگے گا؟ 9. کیا آپ کھانا کھائیں گے؟ 10. وہ رشوت کیوں لے گا؟ 11. ہم جھوٹ کیوں بولیں گے؟ 12. وہ سکول کیوں جائیں گے؟ 13. ہم کب ترقی کریں گے؟ 14. آپ کب کھانا کھائیں گی؟ 15. تم کتنا دودھ پیو گے؟

1.hide and seek(آنکھ مچولی) 3.recite(گانا) National Anthem(قومی ترانہ) 4.set (غروب ہونا) 5.wash (دھونا) 6.waste(ضائع کرنا) 7.grass (گھاس) 8.beggar (بھکاری) beg (بھیک مانگنا) 9.take meals (کھانا کھانا) 10.accept bribe (رشوت لینا) 11.tell a lie(جھوٹ بولنا) 13.progress(ترقی کرنا) 15.How much (کتنا)

**A. Change the following into Negative.** ذیل کو منفی بنائیں۔

1. He will come here. 2.I shall publish a book. 3.He will tell a strange story. 4.We shall clean our house. 5.They will lose the match. 6.I shall read a new novel. 7.You will pluck flowers. 8.We shall knock at the door. 9.The sun will warm the earth. 10. I shall travel around the earth. 11.The boys will play tip cat. 12.I shall admonish the boys. 13.The girls will sing a song. 14.We shall listen to the music. 15.The clown will entertain the people.

**B. Change the following into Interrogative.** ذیل کو سوالیہ بنائیں۔

1. I shall pluck flowers. 2.They will grow vegetables. 3.We shall harvest the crops. 4.You will eat watermelons. 5.I shall sow seeds. 6.He will water the plants. 7.We shall welcome our guests. 8.She will clap hands. 9.I shall weed the garden. 10.The gardener will pick up fruits. 11.We shall taste the food. 12.It will snow again. 13.I shall prepare for the test. 14.The teacher will give us tests. 15.We shall visit Murree.

## REVISION OF PRESENT, PAST AND FUTURE INDEFINITE TENSES:

**C. Change the following mixed sentences into Negative and then Interrogative.**

### A. Present Indefinite Tense

1. I read in 8th class. 2.We read good books. 3.He buys a horse. 4.She goes to England every year. 5.It rains heavily in summer. 6.The cow gives milk. 7.They consult a doctor. 8.The doctor feels his pulse. 9.He admires me. 10. They flatter their leader.

### B. Past Indefinite Tense

1. He flew a kite. 2. I washed my clothes. 3.They caught the thief. 4.The doctor examined patient. 5.The patient cried with pain. 6.They cleaned their teeth. 7.The sweeper swept the

room. 8.He polished his shoes. 9. She looked after her children. 10. I brought up an orphan.

## C. Future Indefinite Tense

1. I shall give you one hundred rupees. 2. He will sow wheat in the fields. 3. We shall waste our time. 4. You will knock at my door. 5.I shall win a prize. 6.She will sing a song. 7. We shall take a bath in water. 8. They will sell their house. 9. I shall teach him kindly. 10. He will tame a wild horse.

## Self Test No. 31

**Q.No. 1: Fill in the spaces with the correct form of verb in Simple Future Tense.**

**1. I guess I (ride)______the bus to save gas.**
a. shall ride b. will be ride c. ride d. is riding

**2. The bananas are all gone. He (buy)______you some.**
a. will be buy b. will buy c. buy d.is buying

**3. Listen, team: we (win)______the trophy this year!**
a. will be win b. win c. will win d. is wining

**4. Everyone is hungry. I (get)______some fruits from the market.**
a. will be get b. shall get c. get d. is getting

**5. Iqbal (fix)______you the terrace tomorrow?**
a. will fix b. will be fix c. fix d. is fixing

**6. Naeemah (go)______to Multan with us this summer?**
a. will be go b. will go c. go d. is going

**7. If we take a trip, we______(put)______toys in the basket.**
a. will be put b. shall put c. put d.is putting

**8. Choose the sentence with correct order.**
a. He will be get prize. b. He will get prize. c. He be will get prize. d. He get will be prize.

**9. Choose the sentence with correct order.**
a. I not shall play b. I shall not play. c. I play shall not. d. shall not play I

**10. Tick the correct translation into English of:** ہم کھانا ضرور کھائیں گے۔
a. We shall eat meal. b. We will eat meal. c. We shall be eat meal d. We will be eat meal.

Ans: 1.a 2.b 3.c 4.b 5.a 6.b 7.b 8.b 9.b 10.b

# iv. PRESENT PROGRESSIVE OR CONTINUOUS TENSE (فعل حال جاری)

### Affirmative Sentences(مثبت جملے)

1. Recognition: Urdu sentences end in رہا ہے، رہی ہے، رہا ہوں، رہی ہوں، رہے ہیں، رہی ہیں etc.

1. پہچان: اردو فقروں کے آخر پر "رہا ہے، رہی ہے، رہے ہیں، رہی ہیں، رہا ہوں، رہی ہوں" وغیرہ آتا ہے۔ مثلاً۔
i. میں چائے پی رہا ہوں۔ ii. حمزہ کتاب پڑھ رہا ہے۔ iii. ہم ہاکی کھیل رہے ہیں۔

2. In this tense, First form + ing (present participle) is used.

2. اس میں فعل کی "ing فارم" (چوتھی حالت) استعمال ہوتی ہے۔
3. امدادی فعل Is, Am, Are وغیرہ استعمال ہوتے ہیں۔

3. Helping verb "Is, Am, Are" are used.

4. "I" is followed by "Am", "third person singular" is followed by "Is" but all the other subjects are followed by "Are."

4. I کے ساتھ Am اور He She, It یا واحد نام کے ساتھ Is باقی سب فاعلوں کے ساتھ Are استعمال ہوتا ہے۔

5.بنانے کے لئے سب سے پہلے Subject (فاعل) پھر امدادی فعل Is,Am,Are پھر فعل کی ing فارم اور اس کے بعد مفعول استعمال ہوتا ہے مثلاً

**5. Formula:**

| Subject | Is,Am,Are | ing form | Object | |
|---|---|---|---|---|
| I | am | taking | tea. | میں چائے پی رہا ہوں۔ |
| Hamzah | is | reading | a book. | حمزہ کتاب پڑھ رہا ہے۔ |
| We | are | playing | hockey. | ہم ہاکی کھیل رہے ہیں۔ |

## EXERCISE -21

1. ہم پیدل چل رہے ہیں۔ 2. وہ ایک کہانی لکھ رہا ہے۔ 3. لڑکی کپڑے سی رہی ہے۔ 4. میرے والد صاحب نماز ادا کر رہے ہیں۔ 5. نسیمہ آٹا گوندھ رہی ہے۔ 6. طلباء شور کر رہے ہیں۔ 7. لڑکیاں پرچہ حل کر رہی ہیں۔ 8. میں سبق یاد کر رہا ہوں۔ 9. ہم انعامات وصول کر رہے ہیں۔ 10. ماہی گیر مچھلیاں پکڑ رہا ہے۔ 11. ہم امتحان کی تیاری کر رہے ہیں۔ 12. وہ امتحان دے رہا ہے۔ 13. شیر دھاڑ رہا ہے۔ 14. مویشی کھیتوں میں چر رہے ہیں۔ 15. میں کتاب پڑھ رہا ہوں۔

1.walking on foot(پیدل چلنا) 2.story(کہانی) 3.stitching clothes(کپڑے سینا) 4.offering prayer(نماز ادا کرنا) 5.kneading flour (آٹا گوندھنا) 6.making a noise (شور کرنا) 7.attempting the paper (پرچہ حل کرنا) 8.learning lesson (سبق یاد کرنا) 9.receiving prizes(انعامات وصول کرنا) 10.fisherman(ماہی گیر) 11.preparing (تیاری کرنا) 12.taking examination (امتحان دینا) 13. roaring (دھاڑنا) 14.grazing(چرنا) fields(کھیت)

### A. Negative Sentences (منفی جملے)

**(A) "Not" is used after helping verb in negative sentences.**

منفی جملوں میں امدادی فعل Is,Am,Are کے بعد Not استعمال کیا جاتا ہے۔

| Subject | Is,Am,Are not | ing form | object | |
|---|---|---|---|---|
| I | am not | taking | tea. | میں چائے نہیں پی رہا ہوں۔ |
| Hamzah | is not | reading | a book. | حمزہ کتاب نہیں پڑھ رہا ہے۔ |
| We | are not | playing | hockey. | ہم ہاکی نہیں کھیل رہے ہیں۔ |

## EXERCISE -22

1. بارش نہیں ہو رہی ہے۔ 2. ہم دودھ نہیں پی رہے ہیں۔ 3. وہ ٹی وی نہیں دیکھ رہے ہیں۔ 4. میں وقت ضائع نہیں کر رہا ہوں۔ 5. شمیم اپنی قمیض نہیں سی رہی ہے۔ 6. تم اسے نہیں پکار رہے ہو۔ 7. میں سانپ نہیں مار رہا ہوں۔ 8. تم کرسی نہیں بنا رہے ہو۔ 9. وہ اخبار نہیں پڑھ رہی ہے۔ 10. ساجدہ کھانا نہیں پکا رہی ہے۔ 11. پرندے ہوا میں نہیں اڑ رہے ہیں۔ 12. چپڑاسی گھنٹی نہیں بجا رہا ہے۔ 13. وہ تالی نہیں بجا رہا ہے۔ 14. زاہدہ کتاب نہیں لکھ رہی ہے۔ 15. مزدور سڑک تعمیر نہیں کر رہے ہیں۔

1.raining(بارش ہونا) 3.watching(دیکھنا) 4.wasting(ضائع کرنا) 5.sewing (سلائی کرنا) shirt(قمیض) 6.calling (پکارنا) 7.killing(مارنا) snake(سانپ) 10.cooking(پکانا) 11.flying (اڑنا) 12. ringing (بجانا) bell (گھنٹی) 13 clapping hands(تالی بجانا) 14 writing(لکھنا) 15 labourers (مزدور) constructing(تعمیر کرنا).

### B. Interrogative Sentences (سوالیہ جملے)

**(B) Helping verb "Is, Am, Are" is used before the subject to make interrogative. Question word is used before helping verb in Double Interrogative.**

سادہ سوالیہ بنانے کے لئے امدادی فعل کو فقرے کے شروع میں اور ڈبل سوالیہ بنانے کے لئے سوالیہ الفاظ Question words کو سادہ سوالیہ جملوں کے شروع میں استعمال کیا جاتا ہے۔ آخر میں سوالیہ نشان؟

| Q.W | H.V | Subject | ing form | object | |
|---|---|---|---|---|---|
| | Am | I | taking | tea? | کیا میں چائے پی رہا ہوں؟ |
| | Is | Hamzah | reading | a book? | کیا حمزہ کتاب پڑھ رہا ہے؟ |
| | Are | they | playing | hockey? | کیا وہ ہاکی کھیل رہے ہیں؟ |
| Why | am | I | taking | tea? | میں چائے کیوں پی رہا ہوں؟ |
| When | is | Hamzah | reading | a book? | حمزہ کتاب کب پڑھ رہا ہے؟ |

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| How | are | they | playing | hockey? | وہ ہاکی کیسے کھیل رہے ہیں؟ |

## EXERCISE -23

1. کیا چڑیاں چہچہا رہی ہیں؟ 2. کیا آسمان پر ستارے ٹمٹما رہے ہیں؟ 3. کیا مالی پودوں کو پانی دے رہا ہے؟ 4. کیا سانپ سیٹی بجا رہا ہے؟ 5. کیا لڑکے بیڈمنٹن کھیل رہے ہیں؟ 6. کیا میں کھانا پکا رہی ہوں؟ 7. کیا سورج چمک رہا ہے؟ 8. کیا میں آسمان کی طرف دیکھ رہا ہوں؟ 9. کیا وہ بھکاری کو ستا رہے ہیں؟ 10. کیا بھکاری انہیں بددعا دے رہا ہے؟ 11. گھوڑے کیوں دوڑ رہے ہیں؟ 12. تم بیکار کیسے بیٹھے ہوئے ہو؟ 13. وہ کہاں جا رہے ہیں؟ 14. دھوبی کپڑے کیسے دھو رہا ہے؟ 15. تم اپنا وقت کیوں ضائع کر رہے ہو؟

1.sparrows(چڑیاں) chirping(چہچہانا) 2.twinkling(ٹمٹمانا) 3.watering(پانی دینا) plants(پودے) 4.snake (سانپ) hissing(سیٹی بجانا)5.badminton 6.cooking(پکانا) food(کھانا)7.shining(چمکنا)8.looking at (دیکھنا) 9.teasing (ستانا) beggar(بھکاری)10.cursing(بددعا دینا)12.idle(بیکار)14.washerman(دھوبی)15.wasting (ضائع کرنا)

**A. Change the following into Negative.** (منفی میں تبدیل کریں۔)

1. He is reading a book. 2. They are talking. 3.Abuzar is working hard. 4.Zia is coming back. 5.We are hunting the lion. 6.The dogs are barking. 7.They are helping the poor. 8. The poor are praying for him. 9. They are dancing. 10. The girls are clapping hands. 11.He is carrying the load. 12.The donkey is groaning. 13. The cow is chewing the cud. 14.She is sleeping. 15.They are killing lions.

**B. Change the following into Interrogative.** (سوالیہ میں تبدیل کریں۔)

1. I am making a speech. 2.He is whitewashing the house. 3.You are publishing a book. 4.I am reading a newspaper. 5.We are running on the road. 6. The baby is sleeping. 7.Nazia is ironing her clothes. 8.The boys are playing tennis. 9.He is sprinkling water. 10.We are learning our lessons. 11.The headmaster is coming. 12.The teacher is teaching us. 13.My father is offering prayer. 14.The birds are twittering. 15.We are catching birds.

## Self Test No. 32

**Q: Fill in the spaces with the correct form of verb in Present Continuous Tense.**

1. **They ___ home when the accident occurs.**
 a. come b. were coming c. are coming d. is coming
2. **He plays football while I______ hockey.**
 a. Plays b. was playing c. is playing d. am playing
3. **She ___ her hair now.** a. comb b. is combing c. was combing d. am combing
4. **The girls __ to school when I see them.**
 a. walk b. are walking c. was walking d. were walking
5. **I can't go out with you. I __ a play on TV.**
 a. watch b. am watching c. are watching d. was watching
6. **My friend _____ her car when I see her on the road.**
 a. drive b. was driving c. am driving d. is driving
7. **She__ too many things and is wasting her money.**
 a. buy b. is buying c. was buying d. are buying
8. **The clock ____ five. It's time to go home.**
 a. strike b. is striking c. was striking d. are striking
9. **I ___ about a mathematical problem.**
 a. think b. am thinking c. are thinking d. was thinking
10. **He____a dog when I see him.**
 a. beat b. was beating c. is beating d. am beating
11. **Ali ____a book now.** a. is reading b. was reading c. were reading d. am reading

12. What__ now? a. was you doing b. are you doing c. were you doing d. am you doing

13. Bushra and Naila ______ today.
a. was working b. were working c. are working d. am working

14. Ahmad___ to music now.
a. was not listening b. is not listening c. were not listening d. am not listening

15. Najam ________ next to Khalida.
a. is sitting b. was sitting c. were sitting d. am sitting

16. How many other students___ with her?
a. was studying b. are studying c. were studying d. am studying

17. The phone___ now.
a. was not ringing b. is not ringing. c. were not ringing. d. am not ringing.

18. What___? - Well, I am not doing anything.
a. are you doing b. was you doing c. were you doing d. am you doing

19. And what ___now? She is doing some shopping, I think.
a. was she doing b. were she doing c. am she doing d. is she doing

20. ___together today? No, they aren't shopping together today.
a. was they shopping b. were they shopping c. Are they shopping d. am they shopping

Ans: 1.c 2.d 3.b 4.b 5.b 6.d 7.b 8.b 9.b 10.c 11.a 12.b 13.c 14.b 15.a 16.b 17.b 18.a 19.d 20.c

## v. PAST PROGRESSIVE OR CONTINUOUS TENSE (فعل ماضی جاری)

### Affirmative Sentences (مثبت جملے)

1. Recognition: Urdu sentences end in رہا تھا، رہی تھی، رہے تھے etc.

1. پہچان: اردو جملوں کے آخر پر "رہا تھا، رہی تھی، رہے تھے، رہی تھیں" وغیرہ آتا ہے۔ مثلاً
i. وہ خط لکھ رہا تھا ii. ہم جلوس نکال رہے تھے۔ iii. میں سڑک پر دوڑ رہا تھا۔

2. First form + Ing (Present participle).
2. اس میں فعل کی ing form (چوتھی حالت) استعمال ہوتی ہے۔

3. Helping verb was or were is used .
3. امدادی فعل were یا was استعمال ہوتا ہے۔

4. "I and third person singular" are followed by "was" but all the rest by " were."
4. He, She, It, I اور واحد نام کے ساتھ was استعمال ہوتا ہے۔ باقی سب کے ساتھ were استعمال ہوتا ہے۔

5. Formula:
5. بنانے کے لیے فاعل کے بعد was یا were پھر ing from اس کے بعد مفعول استعمال کیا جاتا ہے۔ مثلاً

| Subject | H.V | ing form | object | |
|---|---|---|---|---|
| He | was | writing | a letter. | وہ خط لکھ رہا تھا۔ |
| We | were | taking out | a procession. | ہم جلوس نکال رہے تھے۔ |
| I | was | running | on the road | میں سڑک پر دوڑ رہا تھا۔ |

### EXERCISE -24

1. وہ ہوٹل چلا رہا تھا۔ 2. ڈرائیور کار چلا رہا تھا۔ 3. ملاح کشتی چلا رہا تھا۔ 4. وہ آلو درآمد کر رہے تھے۔ 5. پاکستان چینی برآمد کر رہا تھا۔ 6. تم کتاب خرید رہے تھے۔ 7. شرارتی لڑکے بوڑھے آدمی کو تنگ کر رہے تھے۔ 8. سورج غروب ہو رہا تھا۔ 9. ہم امتحان کے لئے محنت کر رہے تھے۔ 10. تم شرارتی لڑکوں کو سزا دے رہے تھے۔ 11. وہ جلدی جلدی سکول جا رہے تھے۔ 12. وہ پولنگ اسٹیشن کی طرف جا رہے تھے۔ 13. وہ دشمنوں کے خلاف لڑ رہے تھے۔ 14. مویشی کھیتوں میں چر رہے تھے۔ 15. وہ گائے کا دودھ دوھ رہا تھا۔

1.running(چلانا) 2.driving(چلانا) 3.boatman(ملاح) rowing(چلانا) 4.importing(درآمد) 5.exporting (برآمد) 6.buying(خریدنا) 7.naughty (شرارتی) teasing(تنگ کرنا) 8.setting(غروب ہونا) 9.working hard(محنت کرنا) examination(امتحان) 10.punishing(سزا دینا) 11.hurriedly (جلدی جلدی) 12.polling station (پولنگ سٹیشن) 13.fighting (لڑائی) enemy (دشمن) 14.cattle(مویشی) grazing(چرنا) fields(کھیت) 15.milking (دودھ دوہنا)

## A. Negative Sentences (منفی جملے)

**(A) "Not" is used after helping verb to make negative.**

منفی بنانے کے لیے امدادی فعل was یا were کے بعد not استعمال کیا جاتا ہے۔

| Subject | was/were not | ing form | object | |
|---|---|---|---|---|
| He | was not | writing | a letter. | وہ خط نہیں لکھ رہا تھا۔ |
| We | were not | taking out | a procession. | ہم جلوس نہیں نکال رہے تھے۔ |
| I | was not | running | on the road. | میں سڑک پر نہیں دوڑ رہا تھا۔ |

### EXERCISE -25

1. وہ رسہ نہیں کھینچ رہے تھے۔ 2. بچہ کپڑے استری نہیں کر رہی تھی۔ 3. کسان نہر نہیں کھود رہے تھے۔ 4. ہم ہاتھی کو سدھا نہیں رہے تھے۔ 5. حکومت نئے سکول نہیں کھول رہی تھی۔ 6. بچے پارک میں نہیں کھیل رہے تھے۔ 7. بڑھئی میز نہیں بنا رہا تھا۔ 8. استاد صاحب پرچے نہیں جانچ رہے تھے۔ 9. وہ اپنا گھر کا کام نہیں کر رہی تھی۔ 10. کتا بھونک نہیں رہا تھا۔ 11. لڑکے نہر میں نہیں تیر رہے تھے۔ 12. موسلا دھار بارش نہیں ہو رہی تھی۔ 13. ہم پرندوں کا شکار نہیں کر رہے تھے۔ 14. ہم کتاب کا ترجمہ نہیں کر رہے تھے۔ 15. طلباء احتجاج نہیں کر رہے تھے۔

1.pulling (کھینچنا) rope (رسہ) 2.ironing (استری کرنا) 3.digging (کھودنا) a canal 4.taming (سدھانا) 5.Government, opening 7.carpenter (بڑھئی) 8.examining (جانچنا) 10.barking (بھونکنا) 11. swimming(تیرنا) 12. raining heavily (موسلا دھار بارش ہو)13.hunting(شکار کرنا) birds 14.translating (ترجمہ کرنا) 15.protesting(احتجاج کرنا)

## B. Interrogative Sentences(سوالیہ جملے)

**(B) "Helping verb" is placed before the subject in Interrogative sentences.**

سادہ سوالیہ جملوں میں امدادی فعل was یا were جملے کے شروع میں استعمال کرتے ہیں۔

**(C) "Question words" are placed before helping verb in the beginning to make Double Interrogative with question mark at the end.**

ڈبل سوالیہ جملوں میں سوالیہ الفاظ کو سادہ سوالیہ جملوں کے شروع میں استعمال کرتے ہیں اور آخر پر سوالیہ نشان "؟" استعمال کرتے ہیں۔

| Q.W | H.V | Subject | ing form | object | |
|---|---|---|---|---|---|
| | Was | he | writing | a letter? | کیا وہ خط لکھ رہا تھا؟ |
| | Were | we | taking out | a procession? | کیا ہم جلوس نکال رہے تھے؟ |
| | Was | I | running | on the road? | کیا میں سڑک پر دوڑ رہا تھا؟ |
| When | was | he | writing | a letter? | وہ کب خط لکھ رہا تھا؟ |
